© rasailojaraid.com



## تعارف و تبصرہ کتب

# احسن الاخلاق کامل دو جلد

نام مصنف : حکیم محمد ابراہیم عربی ٹیچر (ریٹائرڈ)

جلد اوّل : صفحات ۱۳۵ قیمت ۱۵ روپے

جلد دوم : صفحات ۲۱۲ قیمت ۲۰ روپے

کاغذ عمدہ ۔ درمیانہ سائز ۔ کتابت وطباعت عمدہ

اس ایٹمی اور تعلیمی اصلاحات کے دور میں انسانی ذہن برق رفتاری سے منازل زیست طے کر رہے ہیں۔ اس سلسلہ میں اشد ضرورت ہے کہ ایمان کو تقویت دینے والے اسلامی اور اخلاق تعلیم کے اہم مضامین بیان کئے جائیں۔ اور انتہائی ضروری مواد جمع کیا جائے۔ اس ضرورت کے پیش نظر اس کتاب کی پہلی جلد میں ہستی خداوند کلام جل جلالہٗ اور توحید و آخرت اور نبوت کے عقلی و نقلی دلائل بیان کئے گئے نیز دہریوں اور شرک کرنے والوں کے بے بنیاد شکوک و شبہات کو عقلی و نقلی دلائل سے دور کیا گیا ہے۔ بعد ازاں اسلام کی اخلاقی تعلیمات اور فضائل و رذائل و متعلقہ اقوال تحریر کئے گئے ہیں۔ اس کی دوسری جلد میں دین کی ضرورت، اعجاز القرآن، فضائل و رذائل، حقوق و آداب اور متفرق مضامین جن میں وقت کی اہم پکار، اتحاد و اتفاق اور عالم اسلام کے مسائل کا حل اور گمراہی کے اسباب درج کئے گئے ہیں۔ علاوہ ازیں باقی ماندہ فضائل و رذائل کے اکثر مضامین کی تشریحات کرنے کے بعد پند و نصائح کے مروجہ اقوال درج کئے گئے ہیں۔

لہٰذا اس کتاب کی دونوں جلدوں کا ہر مسلمان کے گھر اور لائبریریوں میں موجود ہونا لازمی ہے۔ اور ہر مسلمان کے لئے اس کا مطالعہ ضروری ہے۔

ملنے کا پتہ : ۱۔ حکیم محمد ابراہیم (ریٹائرڈ) عربی ٹیچر۔ طارق کالونی
تھانہ بازار ماموں کانجن تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد

۲۔ حکیم محمد ابراہیم عربی ٹیچر چک نمبر ۴۹۱ گ ب۔ جنڈانوالہ ڈاکخانہ خاص
تحصیل سمندری ضلع فیصل آباد

© rasailojaraid.com